بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
ستمبر 2025

1۔قرآن کریم

"سورۃ الطَّارِق" کی آیات 12-18 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیات 12 اور 13 میں اس دنیا میں الہامِ الٰہی کی کیا اہمیت بیان کی گئی ہے؟
- آیات 12 اور 13 میں قرآن مجید کی اہمیت کے متعلق کیا بیان کیا گیا ہے؟
- آیت نمبر 18 ہمیں فتح اسلام کے بارہ میں کیا بتاتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 251–253
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 13-17:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=12

2۔اسماء الحسنیٰ

اللہ تعالیٰ کی صفت "اَللَّطِیۡفُ" (بہت باریک بین) کا مطالعہ کریں۔

پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 17 اپریل 2009 میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ لطیف بھی ہے اور خبیر بھی ہے۔ جہاں وہ ایسا نور ہے جو پاک دلوں میں داخل ہوتا ہے وہاں وہ باریک بینی سے دلوں کے اندر و نے دیکھ کر ہر وقت باخبر بھی رہتا ہے کہ کس کے دل میں کیا ہے۔ اور جس کا دل باطل معبودوں سے بھرا ہوا ہو، جن آنکھوں میں دنیاوی ہوا و ہوس ہو وہاں خدا تعالیٰ کا نور نہیں پہنچتا۔

اللہ تعالیٰ کی صفت "اَللَّطِیۡفُ" کے بارے میں پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 17 اپریل 2009 تفصیل سے سنیں اور مندرجہ ذیل سوالات پر غور کریں۔

- اللہ تعالیٰ کا نور اس دنیا میں کس طرح ظاہر ہوتا ہے اور ہم اُس سے کس طرح فیض یاب ہو سکتے ہیں؟
- اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسفؑ پر اپنی صفت "اَللَّطِیْفُ" کس طرح ظاہر فرمائی؟
- اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی سورۃ الحج کی آیت 64 میں اپنی صفت "اَللَّطِیْفُ" کی کس طرح یاد دہانی کرواتا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 257-258

خطبہ جمعہ مورخہ 17/04/2009: https://www.alislam.org/friday-sermon/2009-04-17.html

3۔ حدیث

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَھُوَ مِنْھُمْ۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے کہ جو شخص اپنی ملت اور قوم کا طریق چھوڑ کر کسی دوسری قوم کی مشابہت اختیار کرتا ہے وہ اسی قوم میں سے سمجھا جائے گا۔

- یہ حدیث ہمیں دوسروں سے متاثر ہو کر ذہنی غلامی کا شکار ہونے کے متعلق کیا بتاتی ہے؟
- آنحضرت ﷺ مسلمانوں کو دوسری قوم کے طریق و تمدن کی نقل کرنے کے بارہ میں کیا تعلیم دیتے ہیں؟ کسی شخص یا قوم کی کوئی اچھی اور مفید چیز کو اختیار کرنے کے لیے کونسی دو شرطیں ضروری ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 271-274

4۔ زبانی یاد کرنے کے لئے دعا

قرآن کریم کی دعا زبانی یاد کریں: دُعائے استخارہ

- حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں تمام کاموں میں استخارہ کرنے کی ایسے تعلیم دیتے جیسے قرآنِ کریم کی کسی سورت کی تعلیم دیتے۔ آپؐ فرماتے: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہے تو فرض کے علاوہ دو رکعت نماز پڑھے، پھر یہ دعا پڑھے۔ (صحیح بخاری، حدیث 1162)

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 282-283

https://www.alislam.org/video/deeni-o-fiqahimasail-4-istikhara-dua/

5۔تاریخِ اسلام۔ سیرت خاتم النبیین ﷺ
تصنیف حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

اس کتاب میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ دعا کے متعلق آنحضرت ﷺ کی دی گئی تعلیمات بیان فرماتے ہیں۔ تعلیم نصاب میں بیان اس مضمون کا غور سے مطالعہ کریں۔

- اسلام ہمیں قبولیتِ دعا کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟
- ہم قبولیتِ دعا کے درجہ کو کس طرح حاصل کر سکتے ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 288-291



click to read



click to read